نوٹس نیلامی برائے کار پارکنگ بلمقابل حیات آباد میڈیکل کمپلیکس، حیات آباد

پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی کار پارکنگ بلمقابل حیات آباد میڈیکل کمپلیکس، حیات آباد عرصہ ایک سال (صرف) کیلئے مستند پارٹیوں سے بذریعہ کھلی بولی بمطابق پروگرام ذیل نیلام کرنا چاہتی ہے بولی میں حصہ لینے کیلئے شرائط نیلام درج ذیل ہیں:۔

1. نیلامی مورخہ 22 نومبر 2017ء بروز بدھ دن 10:00 بجے دفتر ہذا میں منعقد ہوگی۔ اگر کسی وجہ سے بولی مقررہ تاریخ پر نہ ہوئی تو دوبارہ بولی مورخہ 23 نومبر 2017ء بروز جمعرات کو بوقت دن 10:00 بجے دفتر ہذا میں منعقد ہوگی۔

2. ہر وہ شخص رفرم نیلامی میں حصہ لینے کا حقدار ہوگا جس نے مبلغ (5,00,000) پانچ لاکھ روپے زر ضمانت بصورت بنک ڈرافٹ برائے آرڈر بنام ڈائریکٹر جنرل، پی ڈی اے جمع کرائے ہوں بصورت دیگر نیلامی میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔

3. ناکام بولی دھندگان کو زر بیعانہ و ضمانت نیلام کے بعد واپس کر دی جائے گی جبکہ پہلے دو دہندگان کا زر ضمانت بولی کی حتمی منظوری تک روک لیا جائے گا۔ منظور شدہ بولی کے منحرف ہونے کی صورت میں پیشکش منسوخی زر بیعانہ بحق پی ڈی اے ضبط تصور ہوگا۔ دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دھندہ کی پیشکش منظوری کیلئے بھیج دی جائیگی۔

4. کامیاب بولی دھندہ ورک آرڈر کے اجراء سے 15 دن کے اندر اندر اپنی بولی کی تمام رقم (یکمشت) بمعہ (مروجہ یا نافذ العمل with holding tax) اور حکومت (صوبائی یا وفاقی) کی جانب سے نافذ کردہ ٹیکس لاگو ہوں تو وہ بھی پی ڈی اے کے پاس جمع کرانے کا بھی پابند ہوگا اور مطلوبہ مالیت کے سٹامپ پیپر پر معاہدہ (Lease Agreemet) کرنے کا پابند ہوگا۔ جسکے بعد قبضہ دیا جائیگا اور فیس وصولی کا مجاز ہوگا اور اگر کامیاب بولی دہندہ یہ رقم 15 یوم میں جمع نہ کرا سکا تو بولی منسوخ اور کال ڈیپازٹ بحق پی ڈی اے ضبط تصور ہوگا۔

5. کامیاب بولی دھندہ درجہ ذیل شرح کے مطابق فیس وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

ا۔ موٹر کار، پک اپ وغیرہ۔ ------/20 روپے

۲۔ سکوٹر، موٹر سائیکل ----------/10 روپے

۳۔ سائیکل ----------/5 روپے

6. ہڑتال یا موسمی تغیر و تبدل یا کسی اور وجہ سے تعطل کی ذمہ داری پی ڈی اے پر نہ ہوگی۔

7. کامیاب بولی دھندہ ٹھیکہ کسی اور نام پر منتقل کرنے کا مجاز نہیں ہوگا۔ خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر کے محکمہ واپس لینے کا اختیار مند ہوگا۔

8. سروس کارڈ دکھانے پر پی ڈی اے کے ملازمین سے فیس نہیں لی جائے گی۔

9. ٹھیکہ کی معیاد ایک سال ہوگی۔ جو کہ کسی قسم کے موسمی تغیر و تبدل یا کسی بھی دوسری وجہ سے قابل توسیع نہیں ہوگی۔

10. کامیاب بولی دھندہ مجوزہ فیس کی وصولی اور دیکھ بھال کے لیے عملہ خود مہیا کریگا اور انکی تنخواہ اور دیگر ضروریات بہم پہنچائے گا۔

11. حکومت کا بقایادار بولی میں حصہ نہیں لے سکے گا۔

12. ٹھیکیدار کو مقررہ فیس شیڈول بورڈ سائیٹ پر لگانا ہوگا۔

13. کامیاب بولی دھندہ پارکنگ میں گاڑیوں کی دیکھ بال کا ذمہ دار ہوگا۔ اور کسی بھی گاڑی کی چوری کی صورت میں خرچہ/تاوان کا ذمہ دار ہوگا۔ کامیاب بولی دھندہ ٹکٹ کے پشت پر یہ شرط ثبت کرنے کا پابند ہوگا۔ مقررہ پارکنگ کے علاوہ گاڑی پارک کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

14. نیلامی کی حتمی منظوری کا اختیار ڈائریکٹر جنرل، پی ڈی اے کو حاصل ہوگا۔ نیز مجاز اتھارٹی کو یہ حق بھی حاصل ہوگا کہ وہ کسی معقول وجہ سے کوئی بولی منظور یا نا منظور یا جملہ نیلامی منسوخ کر دیں

15 مندرجہ بالا شرائط کی مکمل یا جزوی خلاف ورزی کی صورت میں جرمانے کے علاوہ ٹھیکہ منسوخی اور جمع شدہ رقم کلی یا جزوی طور پر ضبط کرنے کا اختیار ڈائریکٹر جنرل، پی ڈی اے کو حاصل ہوگا۔

16. اور چار جنگ کی صورت میں پہلی شکایت پر -/20,000 (بیس ہزار) روپے جرمانہ اور دوسری شکایت کی صورت میں ٹھیکہ فوری طور پر منسوخ کیا جائے گا۔

17. کسی بھی مندرجہ بالا شرط کی خلاف ورزی پر ٹھیکہ منسوخ (Cancell) کیا جائے گا اور پی ڈی اے مجاز ہوگا کہ KPK Public Property (Removal of Enchrochment) Act 1977 کے تحت قبضہ واپس لینے کا اختیار مند ہوگا۔

18. مندرجہ بالا شرائط میں سے کسی بھی شرط کو Relax کرنے کا اختیار ڈائریکٹر جنرل، پی ڈی اے کو ہوگا۔

ہاؤسنگ آفیسر (حیات آباد)

پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی